# سبق-22: ساتواں ھجري سال (مدني زندگي)

خیبر میں موجود یہود کی سازشوں کو ختم کرنے کے لیے رسول ﷺ صحابہ کو لے کر اُن کا محاصرہ کیا۔ ان کے کچھ قلعے فتح ہوئے اور کچھ لوگوں نے صلح کرلی۔

اِسی سال غزوہ ذات الرقاع ہوا۔ اس میں بعض صحابہ کو تنگی اور لمبے سفر کی وجہ سے اپنے پاؤں پر رقاع یعنی چیتھڑے یا چمڑے کے ٹکڑے اور پٹیاں باندھنا پڑا تھا۔

ذوالقعدہ میں نبی ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ گزشتہ سال جو حدیبیہ میں شامل تھا وہ اپنے عمرہ کی قضاء کرنے کے لیے نکلے۔

## چند اہم اسباق:

- خود کو دین کی دعوت کے لیے خوب تیار کیجیے، تعلیم وتربیت وخدمت کے کاموں میں حصہ لیجیے۔
- نیک لوگوں کے ساتھ رہیے، ان کے ساتھ مل کر کام کیجیے!

## سن 7 ہجری کے اہم واقعات:

- غزوۂ خیبر
- غزوۂ ذات الرقاع
- اور عمرۂ قضا